# عرض ناشر

نَحمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُولِہِ الکَرِیمُ

اَمَّا بَعدُ فَاَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

زیرِ نظر کتاب ”حقوقِ قرآن“ ایک طالبہ (جو فہم قرآن انسٹیٹیوٹ لاہور سے فارغ التحصیل ہیں) کی وساطت سے مجھ تک پہنچی۔ انہوں نے خواہش ظاہر کی کہ میں مزکورہ کتاب کو چھپوا کر فی سبیل اللہ تقسیم کرنا چاہتی ہوں۔ میں نے کمپوزنگ سے پہلے کتاب کا مطالعہ کیا تو دل چاہا کہ کتاب کی تعداد دگنی کر دی جائے‘ تاکہ زیادہ سے زیادہ خواتین و حضرات مستفیض ہو سکیں۔ یہ کتاب آج سے بیس سال قبل اس وقت شائع ہوئی جب ہمارے ملک میں سرکاری اور غیر سرکاری دونوں سطحوں پر ”نزول قرآن کا چودہ سو سالہ جشن“ منایا جا رہا تھا۔

کتاب میں مصنف کا نام نہیں لکھا گیا‘ بہت کوشش کے باوجود بھی معلوم نہیں ہو سکا۔ پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک قرآن کے سکالر کی کسی اجتماع میں کی ہوئی تقریر ہے‘ جس کو کتابی شکل دی گئی ہے۔ مذکورہ کتاب میں قرآن کے حوالوں کی تصیح کی گئی ہے جو پہلی بار طباعت کے وقت غلط چھپ گئے تھے اور کہیں کہیں جملوں کی درستگی بھی کر دی گئی ہے‘ بقیہ کتاب کا متن جوں کا توں ہے۔

اس کتاب کے پڑھنے والوں سے التماس ہے کہ پڑھ کر دوسرے دوستوں تک بھی پہنچائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ خواتین و حضرات استفادہ کر سکیں اور یہ مشن جاری رہے۔

آخر میں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ذات پاک مصنف کو جزائے خیر عطا فرمائے اور زیادہ سے زیادہ خواتین و حضرات کو کتاب سے استفادہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

Marfat.com

یہ "تفقہ فی الدین" تدبّر قرآن کا وہ ثمرہ ہے جس کے لئے رسول اللہ ﷺ نے چیدہ چیدہ صحابہؓ کے لئے دعا فرمائی ہے [1] اور جس کا آپ نے خِیَارُکُمْ فِی الْجَاهِلِیَّةِ خِیَارُکُمْ فِی الْاِسْلَامِ کے کلّیے کے ساتھ بطور شرط تذکرہ فرمایا ہے یعنی یہ کہ "اذا فقُهُوا" [2]

---

[1] جیسے مثلاً ابن عباس رضی اللہ عنہما کے لئے رسول اللہ ﷺ نے ان الفاظ میں دعا فرمائی کہ "اَللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِی الدِّیْنِ"

[2] تم میں سے جو لوگ دورِ جاہلیت میں سب سے اچھے تھے وہی اسلام میں بھی سب سے اچھے ہیں بشرطیکہ دین کی سمجھ حاصل کرلیں۔



Marfat.com

